© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعہ

رپورٹ = محمد ساجد

## مدینہ یونیورسٹی میں قبول ہونیوالے طلبہ کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

جامعہ سلفیہ فیصل آباد بے شمار خصوصیات کا حامل تعلیمی ادارہ ہے اس کے اعلیٰ انتظام اور عمدہ نصاب کی بدولت نہ صرف اندرون بلکہ بیرون ملک سے بھی طلبہ کی کثیر تعداد زیور تعلیم سے آراستہ ہو رہی ہے اس کا ایک امتیاز یہ بھی ہے کہ یہاں سے ہر سال طلبہ کی ایک معقول تعداد بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے لئے جاتی ہے امسال مدینہ یونیورسٹی سعودی عرب کے لئے جامعہ سے چھ طلبہ کو قبول کیا گیا جو پاکستان بھر کے تمام تعلیمی اداروں سے زیادہ ہے جو طلبہ قبول ہوئے ان کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ عبدالرزاق ساجد عبدالحق ۲۔ عبدالغفور عاصم محمد شریف ' ۳۔ عبدالستار محمد عاشق ' ۴۔ ضیاء الحق فضل الحق ' ۵۔ حبیب اللہ بخاری ۶۔ عبدالستار بشیر احمد

## شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ کا روح پرور خطاب

پرنسپل جامعہ سلفیہ نے طلبہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا ظہرانے کے بعد محترم شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ نے روح پرور خطاب فرمایا۔ انہوں نے علم کی فضلیت پر روشنی ڈالی اور خاص کر دینی طلبہ کی خصوصیت کا ذکر کیا اور فرمایا کہ دنیا کمانے کے لئے لوگ کیا کیا جتن کرتے ہیں لاکھوں روپیہ صرف کرتے ہیں اور انہیں مخلوط سوسائٹی اختیار کرنی پڑتی ہے جس سے بے شمار قباحتیں جنم لیتی ہیں۔ لیکن آپ پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل اور احسان ہے کہ اس نے آپ کو خالص دینی علوم کے لئے منتخب فرمایا اور سب سے بڑھ کر یہ اعزاز بخشا کہ یہ اعلیٰ تعلیم آپ مدینہ منورہ ایسے پاکیزہ اور مقدس شہر میں مکمل کریں گے جس شہر میں مسجد نبوی بھی ہے انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ اپنے تعلیمی اوقات کے علاوہ زیادہ وقت مسجد نبوی میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


گزاریں حصول کے علم کے ساتھ ساتھ عملی زندگی بسر کریں عبادت کے ساتھ ذکرالٰہی پر توجہ دیں اپنے اندر ایسے اوصاف پیدا کریں۔ جو علماء کی شایان شان ہیں کبار علماء سے قریبی تعلق رکھیں تاکہ علم میں رسوخ حاصل ہوسکے اساتذہ کرام کا ادب واحترام ہمیشہ ملحوظ رکھیں' یونیورسٹی کے نظم ونسق کی مکمل پابندی کریں' ایک اچھا انسان بننے کی کوشش کریں اس کے بعد میزبان پرنسپل جامعہ سلفیہ نے طلبہ کو چند باتوں کی طرف توجہ دلائی کہ یہ موقعہ زندگی میں ایک مرتبہ ہی ملتا ہے اس کو غنیمت سمجھیں اور اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اپنی اعلیٰ تعلیم مکمل کرنے کا عزم لیکر روانہ ہوں اور اپنی تمام صلاحیتیں حصول علم پر صرف کریں۔ انہوں نے طلبہ کو خاص طور پر یہ بات سمجھائی کہ وہ جس طرح کا ذوق رکھتے ہیں اسی میدان کو اختیار کریں چونکہ آپ کو یہ موقع ملے گا اور اس کے بعد کمربستہ ہوکر محنت کریں اور اس میدان میں اپنا نام روشن کریں انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی۔ عربی زبان پر خصوصی توجہ دیں بولنے اور لکھنے کی لیاقت پیدا کریں زیادہ وقت ایسے طلبہ کے ساتھ گزاریں جو صرف عربی بولتے ہوں انہوں نے کہا کہ مدینہ یونیورسٹی میں دنیا کے کونے کونے سے طلبہ حصول تعلیم کے لئے آتے ہیں ان کی مختلف بودوباش ہے ان کا رہن سہن' لباس' گفتگو کا بغور مشاہدہ کریں اس مشاہداتی علم سے بھی فائدہ اٹھائیں اور اپنے اندر نمایاں تبدیلی پیدا کریں۔ آپ کا اخلاق اعلی ترین ہو۔ لباس صاف ستھرا ہو گفتگو شیریں ہو۔ اساتذہ کرام اور طلبہ کے ساتھ تعلقات معیاری ہوں۔ اس کے بعد طلبہ کی طرف سے عبدالرزاق ساجد نے اساتذہ کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ وہ ان کے معیار اور توقعات پر پورا اتریں گے انشاء اللہ۔ شیخ الحدیث جامعہ نے دعاء خیر فرمائی۔ اور یہ پروقار تقریب اختتام کو پہنچی۔

**مقابلہ حسن قراءۃ :۔** پچھلے دنوں جامعہ سلفیہ میں فیصل آباد کے مدارس کے مابین ایک انعامی حسن قراءۃ کا مقابلہ ہوا جس میں شہر بھر کے مدارس کے طلباء نے حصہ لیا۔ اس پروگرام میں باہر سے آنے والے مہمانوں میں زینت القرآء حضرت مولانا قاری محمد ابراہیم صاحب میر محمدی' قاری القراء حضرت مولانا قاری محمد صدیق صاحب فیصل آبادی اور حضرت مولانا قاری محمد یونس صاحب رحیمی شامل ہیں مذکورہ مہمانوں نے ہی جج کے فرائض سرانجام دیئے۔

باقی صہ ۱۴ پر

© rasailojaraid.com